21532-کیا عورت اپنے خاوند کو اس کے نام سے پکار سکتی ہے

سوال

کیا ممکن ہے کہ آپ مجھے یہ بتائيں کہ بیوی کا اپنے خاوند کو اس کے نام سے پکارنا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

عورت کے لیے اپنے خاوند کے اس کے نام سے پکارنے میں کوئی حرج نہيں ، کیونکہ اس کی ممانعت پر کوئی دلیل نہيں پائی جاتی ، لیکن اس مسئلہ میں لوگوں کی عادات اورعرف معتبر ہے ۔

کسی ملک میں لوگوں کے اندر یہ معروف ہے کہ بیوی خاوند کومثلا کنیت سے پکارتی ہے ، اوران کے خیال میں خاوند کا نام لے کر پکارنا بے ادبی ہے ، یا پھر خاوند یہ پسند نہيں کرتا کہ اسے اس کا نام لے کر پکارا جائے ، تو عورت کو اس کا خیال رکھنا چاہیے ۔

اس لیے کہ ایسا کرنے میں خاوند سے حسن معاشرت ہے اوراللہ تعالی نے بھی حسن معاشرت کا حکم دیا ہے ، تو یہ حسن معاشرت نہيں کہ اسے اس نام سے مخاطب کیا جائے جسے وہ ناپسند کرتا ہو ، یا پھر جسے لوگ نقص شمار کرتے ہوں ۔

خاونداور بیوی کے لیے ضروری ہے کہ وہ ایک دوسرے کو اس نام سے پکاریں جو اس کے نزدیک سب سے محبوب اورپیارا ہو ، اس لیے کہ اس میں ان دونوں کے مابین محبت والفت و مودت پیدا ہوگی اوراس میں زیادتی بھی ہوگی ۔

مناوی رحمہ اللہ تعالی نے فیض القدیر میں صحبت کے آداب بیان کرتے ہوئے کہا ہے کہ :

صحبت کے آداب میں رازافشاں نہ کرنا بلکہ اسے چھپانا ، عیب کی پردہ پوشی کرنا ، لوگوں کی وہ مذمت والی باتیں اسے پہنچانے سے گریز کرنا جو اسے اچھی نہیں لگتیں ، بلکہ اسے لوگوں کی اس کے بارہ میں اچھی باتیں پہنچائی جائيں جوکہ اس کی تعریف کے بارہ میں ہوں ۔

بات چيت میں اچھا رویہ اختیار کرنا اوراس کی بات کوسننا ، حقوق میں اس کا شکریہ ادا کرنا ، اس کی غیر موجودگی میں اس کے خلاف باتوں کی نفی کرنا اوراس کا دفاع کرنا ، اورضرورت کے وقت بغیر طلب کیے اس کا ساتھ دینا ، اسے نرمی اور تعریض کے ساتھ وعظ و نصیحت کرنا ، -اگر اسے اس کی ضرورت ہو تو- اس کی غلطی اور کوتاہی سے صرف نظر کرنا ، اس پر عیب جوئی نہ کرنا ، اس کی زندگی اورموت کے بعد بھی خلوت میں اس کے لیے دعا کرنا ۔

اس کی خوشی کے وقت فرحت کا اظہار کرنا ، اوراگر اسے کوئی نقصان ہو تو اس میں غم کا اظہار کرنا ، جب وہ آئے تو سلام کرنے میں ابتدا کرنا ، مجلس میں اس کے لیے جگہ بنانا ، اس کے لیے اپنی جگہ سے نکلنا ، اوراس کے کھڑے ہونے کی صورت میں اس کے پیچھے جانا ، جب وہ کلام کررہا ہو تو خاموشی اختیار کرنا ، اجمالی طور پر یہ ہے کہ اس کے ساتھ اس طرح معاملہ کرنا جس طرح وہ پسند کرتا ہو ۔ اھ ، اختصار کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے ۔

واللہ اعلم .